## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE PAKISTAN PANEL CODE (AMENDMENT) BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860) [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2020] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 28th July, 2020.

2. The Committee comprises the following:

| | |
|---|---|
| 1) **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2) Mr. Sher Akbar Khan | Member |
| 3) Mehar Ghulam Muhammad Lali | Member |
| 4) Mr. Raza Nasrullah | Member |
| 5) Khawaja Sheraz Mehmood | Member |
| 6) Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti | Member |
| 7) Malik Karamat Ali Khokhar | Member |
| 8) Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 9) Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak | Member |
| 10) Mr. Muhammad Akhtar Mengal | Member |
| 11) Nawabzada Shazain Bugti | Member |
| 12) Malik Sohail Khan | Member |
| 13) Rana Shamim Ahmed Khan | Member |
| 14) Mr. Mohammad Pervaiz Malik | Member |
| 15) Mr. Nadeem Abbas | Member |
| 16) Ms. Maryam Aurangzaib | Member |
| 17) Syed Agha Rafiullah | Member |
| 18) Nawab Muhammad Yousuf Talpur | Member |
| 19) Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 20) Mr. Asmatullah | Member |
| 21) Sheikh Rashid Ahmed<br>Minister for Interior | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A,** in its meeting held on 13-1-2021. The Committee recommends that the Bill may not be passed by the National Assembly.

-Sd-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
*Islamabad, the 26th June, 2021*

-Sd-
**(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)**
Chairman
Standing Committee on Interior

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE] **ANNEX. A**

A

**BILL**

*further to amend the Pakistan Penal Code, 1860*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860) for the purposes hereinafter appearing:

It is hereby enacted as under:-

1. **Short title and commencement.** - (1) This Act may be called the Pakistan Penal Code (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in section 279, Act XLV of I860.**— In the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), in section 279, the following proviso shall be added, namely:-

"Provided that in case the above crime or any part of such crime is committed by underage driver then the guardian, father or owner of that vehicle shall be punished as per the following categories of that underage driver;

(a) Imprisonment of either description for a term which may extend to three years or with fine which may extend to "fifty thousand rupees", or with both in case the age of driver is above seventeen years but below eighteen.

(b) Imprisonment of either description for a term which may extend to four years or with fine which may extend to one "hundred thousand rupees", or with both in case the age of driver is between fifteen to sixteen years but below seventeen;

(c) Imprisonment of either description for a term which may extend to five years or with fine which may extend to "two hundred thousand rupees", or with both in case the age of driver is between thirteen to fourteen years but below fifteen;

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

A number of factors compromised road safety leading to tragic accidents. They include speeding, poor vehicle and road condition, driving under the influence of alcohol and drugs, not wearing safety belts, unlicensed underage drivers, etc. According to Global statistics and Research over 30 years reports that young drivers are five to ten times more likely to crash. The report by the International Association of Traffic & Safety Sciences(IATS) also analyzed relationship between age category and risk of serious injuries, clearly establishing the incident to be much higher for juvenile (aged between 12 and 18 years). While the minimum age for obtaining a driving licence in Pakistan is 18 years, this regulation is commonly abused. Often young boys are seen driving motorbikes and cars, sometimes engaging in hazardous one-wheeling and unauthorized racing.Media often reports tragic news whereby precious young lives are lost due to underage driving. Other situations validating juvenile driving is ironically driven by adults at home. Keys to the vehicle are handed to the younger one as a token of love and pride, while sometimes under the pretext of a helping hand, a young kid is asked to fetch groceries from a corner store. Whatever the pretext may be, it is giving control in the hands of

young children who would most often underestimate the perils of underage driving. Pakistan, being a Lower Middle Income Country (LMIC) with 60% of its population being youth, is likely to experience an increase in the number of juvenile drivers. We must be better equipped to curb underlying causes leading to underage driving. Huge responsibility rests with parents to draw safety boundaries and educate their children on being socially responsible. Since underage driving have implications for others on the road, road safety rules must be strictly enforced *challans* issued and parents required to give indemnity bonds. These measures have been incidental and have not proved to be successful in curbing the issue. The issue seems to have been overlooked.

2. Keeping in view of the grimness of this issue and the need to eliminate it completely strict punishments and penalties are required under the laws. The Bill has been designed to achieve the aforementioned purpose.

**Sd/-**
**RAI MUHAMMAD MURTAZA IQBAL**
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## مجموعہ تعزیرات پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ ۲۸ر جولائی، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مجموعہ تعزیرات پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب شیر اکبر خان | رکن |
| ۳۔ | مہر غلام محمد لالی | رکن |
| ۴۔ | جناب رضا نصر اللہ | رکن |
| ۵۔ | خواجہ شیراز محمود | رکن |
| ۶۔ | جناب راحت امان اللہ بھٹی | رکن |
| ۷۔ | ملک کرامت علی کھوکھر | رکن |
| ۸۔ | سردار طالب حسن نکئی | رکن |
| ۹۔ | محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک | رکن |
| ۱۰۔ | جناب محمد اختر مینگل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ شازین بگٹی | رکن |
| ۱۲۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۱۳۔ | رانا شمیم احمد خان | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد پرویز ملک | رکن |
| ۱۵۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ مریم اورنگزیب | رکن |
| ۱۷۔ | سید آغا رفیع اللہ | رکن |
| ۱۸۔ | نواب محمد یوسف تالپور | رکن |
| ۱۹۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۲۰۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۲۱۔ | شیخ رشید احمد<br>وزیر برائے داخلہ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۳ر جنوری، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔ الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔

**(راجہ خرم شہزاد نواز)**

**چیئرمین**

قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط/۔

**(طاہر حسین)**

**سیکرٹری**

اسلام آباد، ۲۶ر جون، ۲۰۲۱ء

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا مجموعہ تعزیرات پاکستان (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء، دفعہ ۲۷۹ میں ترمیم۔** مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں، دفعہ ۲۷۹ میں، حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ کم عمر ڈرائیور کی جانب سے مذکورہ جرم یا مذکورہ جرم کے کسی حصہ کا ارتکاب کرنے کی صورت میں کم عمر ڈرائیور کے سرپرست یا والد یا اس گاڑی کے مالک کو اس کم عمر ڈرائیور کی حسب ذیل کیٹگریز کے مطابق سزا دی جائے گی؛

(الف) ڈرائیور کی عمر ۱۷ سال سے زائد لیکن اٹھارہ سال سے کم ہونے کی صورت میں کسی ایک نوعیت کی سزائے قید جو تین سال تک ہو سکتی ہے یا مع جرمانہ پچاس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں سزائیں؛

(ب) ڈرائیور کی عمر ۱۵ تا ۱۶ سال کے درمیان لیکن ۱۷ سال سے کم ہونے کی صورت میں کسی ایک نوعیت کی سزائے قید جو چار سال تک ہو سکتی ہے یا مع جرمانہ جو ایک لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں سزائیں؛

(ج) ڈرائیور کی عمر ۱۳ تا ۱۴ سال کے درمیان لیکن ۱۵ سال سے کم ہونے کی صورت میں کسی ایک نوعیت کی سزائے قید جو پانچ سال تک ہو سکتی ہے یا مع جرمانہ جو دو لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں سزائیں؛

## بیان اغراض و وجوہ

سڑک پر استعمال حفاظتی اقدامات کو نظر انداز کرنے کے متعدد عوامل المناک حادثات پر منتج ہوتے ہیں۔ ان عوامل میں تیز رفتاری، غیر موزوں گاڑی اور سڑک کی حالت، شراب اور منشیات کے زیر اثر ڈرائیونگ، حفاظتی بیلٹ کا عدم استعمال، کم عمر غیر لائسنس یافتہ افراد کا ڈرائیونگ کرنا وغیرہ شامل ہیں۔ ۳۰ سالوں سے زائد عرصہ پر محیط عالمی اعداد و شمار اور تحقیقاتی رپورٹوں کے مطابق کم سن ڈرائیوروں کا تقریباً پانچ سے دس گنا حادثہ کا شکار ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف ٹریفک اینڈ سیفٹی سائنسز (آئی اے ٹی ایس) کی جانب سے رپورٹ میں عمر کے درجے اور شدید زخمی ہونے کے خطرہ کے مابین تعلق کا بھی تجزیہ کیا گیا، جس میں واضح طور پر کم سن افراد (۱۲ تا ۱۸ سال کے درمیان) کے حوالے سے حادثات کے ہونے کی تعداد بہت زیادہ نکلتی

ہے۔ اگرچہ پاکستان میں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لئے کم از کم عمر ۱۸ سال ہے، تاہم اس ضابطہ کی عموماً پابندی نہیں کی جاتی۔ اکثر نوجوان لڑکے موٹر سائیکلیں اور کار چلاتے دیکھے جاتے ہیں اور بعض اوقات وہ خطرناک ون ویلنگ اور غیر مجاز دوڑ میں مصروف پائے جاتے ہیں۔ میڈیا میں اکثر اندوہناک خبریں آتی ہیں جن میں کم عمری کی ڈرائیونگ کی وجہ سے ضائع ہونے کی اطلاع دی جاتی ہے۔ بچوں کی ڈرائیونگ کو جواز دینے کی دیگر صورتوں میں بد قسمتی سے گھر کے بڑے محرک بنتے ہیں۔ کم عمر بچہ کو محبت اور فخر کی علامت کے طور پر گاڑی کی چابیاں تھمادی جاتی ہیں جبکہ بعض اوقات مدد دینے کے بہانے کم عمر بچہ کو کارنر اسٹور سے اشیاء خوردونوش لے کر آنے کا کہا جاتا ہے۔ بہانہ جو بھی ہو، کم عمر بچوں کے ہاتھوں میں گویا کنٹرول دیا جارہا ہے، جو اکثر اوقات کم عمر ڈرائیورنگ کے خطرات کا ادراک نہیں رکھتے۔ پاکستان کم متوسط آمدن والا ملک (ایل ایم آئی سی) ہونے کے ناطے، جہاں جس کی ساٹھ فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے میں کم سن ڈرائیوروں کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ والدین پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو حفاظتی حدود کی معلومات فراہم کریں اور معاشرتی طور پر انہیں ذمہ دار بننے کی تعلیم دیں۔ چونکہ کم سن ڈرائیونگ سڑک پر دیگر افراد کے لئے خطرہ ہوتی ہے، سڑک کے حفاظتی قواعد پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے، چالان جاری کئے جائیں اور والدین کو ہرجانہ بانڈز جمع کرانا ضروری ہو۔ یہ اقدامات ضمنی طور پر موجود رہے ہیں اور مسائل کو ختم کرنے میں کامیاب ثابت نہیں ہوئے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس مسئلہ کو نظر انداز کیا گیا ہے۔

۲۔ اس مسئلہ کی سنگین کیفیت اور اسے مکمل ختم کرنے کی ضرورت کے پیش نظر، قوانین کے تحت سخت سزاؤں اور جرمانوں کی تجویز ہے۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا غرض کا حصول ہے۔

دستخط/۔
رائے محمد مرتضیٰ اقبال
رکن، قومی اسمبلی